© rasailojaraid.com



عام کتاب ہے۔فضائل اعمال پر غیر مقلدین کی طرف سے 138 سوالات اور اعتراضات اٹھائے گئے ہیں اور عوام الناس کو گمراہ کرنے کیلئے زور وشور سے یہ پروپیگنڈا کیا جا رہا ہے کہ فضائل اعمال میں موجود تمام احادیث یا تو ضعیف ہے یا موضوع، ممکن ہے بہت سے سادہ لوح مسلمان اس پروپیگنڈا کی زَد میں آ کر متاثر بھی ہوئے ہوں، اس پروپیگنڈہ کے سد باب کیلئے مولانا رب نواز صاحب نے اس طرح کی فتنہ انگیز اعتراضات اور گمراہ کن کتابوں کے جوابات نہایت سلیقہ سے تحریر کئے ہیں۔اس کاوش پر مصنف قابل صد لائق تحسین ہے۔

- **بی ثبوتہ مسائل** ...... مولف : مولانا امان اللہ ثابت حقانی

ضخامت: ۱۹۱صفحات ناشر: مکتبہ مجمع الانوار پشاور 03348311650

انسانی معاشرے میں کبھی کبھار کچھ ایسی غلط باتیں بھی مشہور کی جاتی ہے جس کا کوئی ثبوت کسی اسلامی مأخذ میں ملنا ناممکن اور دشوار ہو، ایسی باتوں کو اغلاط العوام بھی کہا جاتا ہے اس سلسلہ میں مولانا اشرف علی تھانوی صاحب نے اغلاط العوام نامی کتاب بھی لکھی ہے جسے کافی شہرت ملی، چونکہ تھانوی صاحب کی نظر میں ہندوستانی معاشرے میں مشہور غلط باتوں کی نشان دہی کی گئی ہے، اب ضرورت تھی کہ ہمارے پشتون معاشرے (لروبر) میں جو غلط باتیں مشہور ہے اس کی متعلق بھی کوئی کتاب سامنے لایا جائے۔

اللہ تعالیٰ کے کرم سے یہ خدمت جامعہ حقانیہ کے ہونہار فاضل مولانا امان اللہ ثابت حقانی کے حصے میں آئی، انہوں نے "بے ثبوتہ مسائل" کے نام سے یہ کاوش اور کتاب تیار کی ہے عام فہم پشتو میں یہ ایک بہترین اور قیمتی تحفہ ہے، اہل علم اس کا مطالعہ ضرور کریں تا کہ کل کلاں معاشرے کی اس غلط پھیلائی گئی باتوں کا تردید ہو سکے۔

- **حیاۃ النحو فی خلاصه هدایة النحو** ...... مولف: مولانا محمد یوسف رشید مدظلہ

ضخامت: ۱۲۸صفحات ناشر: مکتبہ الارشاد ملیر ہالٹ کراچی 03333730428

زیر تبصرہ کتاب میں مولانا یوسف رشید صاحب نے ہدایت النحو کے مسائل کو انتہائی عام فہم انداز اور آسان اسلوب میں حل کرنے کی کوشش کی ہے اور مسائل کی تشریح مثالوں سے واضح کی ہے، گویا کہ ہدایۃ النحو کا ایک خلاصہ پیش کیا ہے، انتہائی مختصر، مدلل عبارت ترجمہ اور مقصود خاص کو بیان کرنے کی سعی کی ہے۔ یہ کتاب بنین اور بنات دونوں کے لئے یکساں طور پر مفید اور معاون ثابت ہوگی۔

---

© rasailojaraid.com